بیوی کی شرم گاہ کومت دیکھنا نیچے جھکا کر رکھنا کیوں کہ جماع کے وقت شرم گاہ دیکھنے سے اولاد میں اندھا پن آجاتا ہے۔ اے علی! کسی دوسری سے شہوت کی وجہ سے اپنی بیوی سے جماع مت کرنا کیوں کہ مجھے ڈر ہے کہ اس کے نتیجے میں ہونے والی اولاد مخنث، مونث (لڑکی) اور دیوانی ہو۔

اے علی! جو اپنی بیوی کے ساتھ بستر پر جنبی ہو تو قرآن مت پڑھو مجھے ڈر ہے کہ کہیں ان دونوں پر آسمان سے آگ نازل ہو تو انھیں جلا دے۔ اے علی! اس حال میں اپنی بیوی سے جماع کر تیرا اور اس کا ایک ایک کپڑا ہو اور دونوں ایک کپڑے سے (شرم گاہ) صاف نہ کریں کیوں کہ ایک شہوت دوسری شہوت پر واقع ہوتی ہے، کیوں کہ اس کا انجام آپس میں عداوت ہوتی ہے پھر بالآخر ان دونوں میں جدائی اور طلاق واقع ہوجاتی ہے۔

اے علی! تو اپنی بیوی سے حالت قیام میں جماع نہ کرنا، کیوں کہ یہ گدھوں جیسا کام ہے اور اگر اس کے نتیجے میں اولاد پیدا ہوئی تو وہ بستر پر بہتر زیادہ پیشاب کرنے والی ہوگی جس طرح گدھے ہر جگہ پیشاب کرتے ہیں۔ اے علی! عیدالفطر کی رات جماع نہ کرنا کیوں کہ اگر اس کے نتیجے میں اولاد ہوئی تو بہت زیادہ شریر ہوگی۔ اے علی! عیدالاضحیٰ کی رات اپنی بیوی سے جماع مت کرنا، کیوں کہ اگر اس کے نتیجے میں اولاد ہوئی تو چھ یا چار انگلیوں والی ہوگی۔ اے علی! پھل دار درخت کی نیچے اپنی بیوی سے جماع مت کرنا، کیوں کہ اگر اس کے نتیجے میں اولاد ہوئی تو وہ جلاد، قاتل اور کاہن ہوگا۔ اے علی! اپنی بیوی سے سورج کی طرف منہ کر کے جماع نہ کرنا الا یہ کہ اسے کسی کپڑے سے اچھی طرح ڈھانپ لے۔ کیوں کہ اس کے نتیجے میں جو اولاد پیدا ہوگی تو وہ موت تک بھوک اور فقر میں رہے گی۔ اے علی! اپنی بیوی سے اذان اور اقامت کے درمیان جماع نہ کرنا کیوں کہ اگر اس سے جو اولاد پیدا ہوگی تو وہ (لوگوں کے) خون بہانے پر حریص ہوگی۔ اے علی! جب تیری بیوی حاملہ ہو جائے تو اس سے حالت وضو میں ہی جماع کرنا، کیوں کہ اس سے جو اولاد ہو

گی (یعنی اگر وضو کے بغیر جماع کیا تو) اندھے دل اور بخیل الید (خرچ نہ کرنے والی) ہوگی۔ اے علی! تو اپنی بیوی سے نصف شعبان کی رات میں جماع نہ کرنا، کیوں کہ اس سے جو اولاد ہوگی اس کے چہرے میں عیب ہوگا۔ اے علی! کسی بھی مہینے کے آخر میں جماع نہ کرنا جب کہ ابھی دو دن باقی ہوں، کیوں کہ اگر اس صورت میں بچہ ہوا تو وہ ٹیکس لینے والا یا ظالموں کا مددگار ہوگا اور لوگوں میں سے ایک جماعت کی ہلاکت اس کے ہاتھ پر ہوگی۔ اے علی! اپنی بیوی سے عمارت کی چھت پر جماع نہ کرنا، اگر اس صورت میں بچہ پیدا ہوا تو وہ منافق، ریاکار اور بدعتی ہوگا۔ اے علی! جب تو سفر کے لیے نکلے تو اس رات اپنی بیوی سے جماع نہ کرنا، کیوں کہ اگر اس سے بچہ پیدا ہوا تو وہ اپنا مال ناحق جگہ میں خرچ کرے گا اور رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی:

﴿وَ كَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا﴾ (الاسراء: ٢٧)

"بے شک بے جا خرچ کرنے والے شیطانوں کے بھائی ہیں۔"

اے علی! جب تو تین دن اور تین راتوں کے لیے سفر پر نکلے اپنی بیوی سے جماع نہ کرنا کیوں کہ اگر اس کے بدلے میں بچہ پیدا ہوا تو وہ تیرے اوپر ظلم کرنے والوں کا معاون ہوگا۔ اے علی! تجھ پر لازم ہے کہ پیر کی رات کو جماع کرے کیوں کہ اس کے نتیجے میں جو بچہ پیدا ہوگا تو وہ کتاب اللہ کا حافظ اور اللہ کی تقسیم پر راضی ہوگا۔ اے علی! اگر تو اپنی بیوی سے منگل کی رات جماع کرے اور بچہ پیدا ہو جائے تو اس کی اشھد ان لا الہ الا اللہ وان محمد رسول اللہ کی شہادت کے بعد شہادت دی جائے گی اور اللہ تعالیٰ اسے مشرکوں کے ساتھ عذاب نہ دے گا، منہ کا ذائقہ اچھا ہوگا، نرم دل ہوگا، ہاتھ کا سخی اور غیبت، جھوٹ اور بہتان سے زبان کا پاک ہوگا اور اے علی! اگر تو جمعرات کو جماع کرے تو اس سے بچہ پیدا ہوا تو وہ مقام میں حاتم ہوگا یا علماء میں عالم ہوگا۔

صاحب کتاب کہتا ہے: "آخر تک یہ جوگھٹیا وصیت ہے، عقل اور فطرت سلیم اس کا انکار کرتی ہے!"

الرجعة احمد الاحسائي المدار الثانية بيروت الاولى ١٤١٤ هـ

فصل

في ذكر بعض ما جاء في رجعة أمير المؤمنين -صلوات الله عليه-

في (منتخب البصائر) بسنده عن الأصبغ بن نباتة قال: قال لي معاوية: يا معشر الشيعة تزعمون ان علياً دابة الأرض؟ قلت: نحن نقول اليهود تقوله. فأرسل إلى رأس الجالوت فقال: ويحك تجدلون دابة الأرض عندكم؟ فقال: نعم. فقال: ما هي؟ فقال: رجل فقال: أتدري ما اسمه؟ قال: نعم اسمه (اليا) قال: فالتفت إلي فقال: ويحك يا أصبغ ما أقرب اليا من علي علياً.

وفي (كنز الكراجكي) بسنده عن أبي الجارود عمن سمع علياً ـ صلوات الله عليه ـ يقول: العجب كل العجب بين جمادى ورجب فقام رجل فقال: يا أمير المؤمنين ما هذا العجب الذي لا تزال تعجب منه؟ فقال: ثكلتك أمك وأي عجب اعجب من أموات يضربون كل عدو لله ورسوله ولأهل بيته وذلك تأويل هذه الآية: ﴿يا أيها الذين آمنوا لا تتولوا قوماً غضب الله عليهم قد يئسوا من الآخرة كما يئس الكفار من أصحاب القبور﴾ فإذا اشتد القتل قلتم مات أو هلك أو أي واد سلك وذلك تأويل هذه الآية: ﴿ثم رددنا لكم الكرة عليهم وأمددناكم بأموال وبنين وجعلناكم أكثر نفيراً﴾.

أقول: قوله: وأي عجب من أموات الخ يشير إلى العجب الذي يكون بين جمادى ورجب وذلك لأنه إذا كانت السنة التي يخرج فيها القائم عليه السلام أمطر الناس جمادى الآخر وعشرة أيام من رجب مطراً لم ير الخلائق مثله. وروي أربعين مطرة وروي أربعين يوماً آخرها بين جمادى ورجب حتى أنه لتقع أكثر بيوت أهل الدنيا فتنبت به لحوم المؤمنين وأبدانهم في قبورهم، قال الصادق عليه السلام: وكأني انظر اليهم مقبلين من قبل جهينة ينفضون شعورهم من

٢٠١

هل وصف أمير المؤمنين علي رضي الله عنه بهذا الوصف تشريف له ام اهانة ؟؟

احمد الاحسائی

اپنی کتاب "الرجعة" میں

فصل کا عنوان ذکر کرتے ہیں:

"ان چیزوں کا ذکر جو امیر المومنین علیہ السلام کی رجعت اور آپ کے دابۃ الارض (زمین کا جو پایہ) کے متعلق وارد ہوئی ہیں۔"

صاحب کتاب کہتا ہے:

"کیا امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ کو اس وصف کے ساتھ متصف کرنا

اس میں آپ کا شرف ہے یا توہین؟"

الفروع من الكافي للكليني دار الكتب الإسلامية الرابعة ١٣٧٥ هـ

٣ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن رفاعة بن موسى ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يدخل الحمام إلّا بمئزر .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عبدالله بن محمّد الحجّال ، عن سليمان الجعفريّ قال : مرضت حتّى ذهب لحمي فدخلت على الرضا صلوات الله عليه فقال : أيسرّك أن يعود إليك لحمك ؟ قلت : بلى قال : ألزم الحمّام غبّاً[1] فإنّه يعود إليك لحمك وإيّاك أن تدمنه فإنّ إدمانه يورث السلّ .

٥ ـ أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن المثنّى بن الوليد الحنّاط ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لاتدخل الحمّام إلّا و في جوفك شيء يطفىء بعنك وهج المعدة[2] وهو أقوى للبدن ولا تدخله وأنت ممتلىء من الطعام .

٦ ـ عليٌّ بن الحكم ، عن رفاعة بن موسى ، عمّن أخبره ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه كان إذا أراد دخول الحمّام تناول شيئاً فأكله قال : قلت له : إنّ الناس عندنا يقولون : إنّه على الريق أجود ما يكون ، قال : لا بل يؤكل شيء قبله يطفىء المرارة ويسكّن حرارة الجوف .

٧ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن منصور بن العبّاس ، عن حمزة بن عبدالله ، عن ربعي ، عن عبيد الله الدابقي قال : دخلت حمّاماً بالمدينة فإذا شيخ كبير و هو قيّم الحمّام فقلت : يا شيخ لمن هذا الحمّام ؟ فقال : لأبي جعفر محمّد بن عليّ بن الحسين عليهما السلام فقلت : كان يدخله ؟ قال : نعم ، فقلت : كيف كان يصنع ؟ قال : كان يدخل فيبدء فيطلي عانته وما يليها ثمّ يلفّ على طرف إحليله و يدعوني فأطلي سائر بدنه ، فقلت له يوماً من الأيّام : الّذي تكره أن أراه قد رأيته ، فقال : كلّا إنّ النورة سترة .

٨ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ابن بزيع جميعاً ، عن حنان بن سدير ، عن أبيه قال : دخلت أنا وأبي وجدّي وعمّي حمّاماً بالمدينة فإذا رجل في بيت المسلخ فقال لنا : ممّن القوم ؟ فقلنا : من أهل العراق فقال :

(١) أي ائته يوماً وتركه يوماً . (٢) الوهج ، حر النار إذا توقدت .

فعل مستنكر قبيح من عوام الناس فكيف ينسب لامام من أئمة أهل البيت !

کلینی
اپنی کتاب "الفروع من الکافی" میں
ایک خبر بیان کرتا ہے:

''عبیداللہ الدابقی کہتا ہے:

''میں مدینہ میں ایک حمام میں داخل ہوا تو وہاں ایک بوڑھا شخص تھا جو حمام کی دیکھ بھال کرتا تھا۔ میں نے کہا: اے شیخ یہ حمام کس کا ہے؟

اس نے کہا: ابوجعفر محمد بن علی بن حسین عَلَيْهِ السَّلَام کا۔ میں نے کہا: وہ اس میں داخل ہوتے تھے؟ اس نے کہا: ہاں۔ میں نے کہا: وہ کیا کرتے تھے؟ اس نے کہا: وہ اس میں داخل ہوکر سب سے پہلے اپنی شرم گاہ اور اس کے گرد طلاء کرتے پھر اس کے گرد ایک کنارہ پر کپڑا لپیٹ دیتے اور (پھر) مجھے بلاتے میں سارے بدن پر طلاء کرتا چناں چہ ایک دن میں نے انھیں کہا: وہ چیز (یعنی ذکر، شرم گاہ) جسے آپ ناپسند کرتے ہیں۔ کہ میں اسے دیکھوں تو تحقیق اسے میں نے دیکھ لیا ہے۔ تو فرمانے لگے: ہرگز نہیں یہ جو نورہ ہے جس سے طلاء لگاتے ہیں وہ تو پردہ ہے۔''

صاحب کتاب کہتا ہے:

''ایک برا فعل ہے جسے عوام بھی کرے تو قبیح ہے چہ جائیکہ کہ اہل بیت کے اماموں میں سے کسی امام کی طرف منسوب کیا جائے!''

بحار الانوار للمجلسي مؤسسة دار الوفاء و احياء التراث العربي بيروت الثالثة ١٤٠٣ هـ

فأنزل الله : « أجعلتم سقاية الحاجّ و عمارة المسجد الحرام كمن آمن بالله واليوم الآخر وجاهد في سبيل الله لايستوون عندالله » إلى قوله : إنّ الله عنده أجرٌ عظيمٌ .

٦٠ ـ فس : أبي ، عن محمّد بن الفضيل ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : جاء العباس إلى أمير المؤمنين صلوات الله عليه فقال : انطلق نبايع لك الناس ، فقال له أمير المؤمنين عليه السلام : أتراهم فاعلون ؟ قال : نعم ، قال : فأين قول الله : « الم أحسب الناس أن يتركوا أن يقولوا آمنّا وهم لايفتنون ولقد فتنّا الذين من قبلهم » أي اختبرناهم « فليعلمنّ الله الذين صدقوا وليعلمنّ الكاذبين [1] » .

٦١ ـ فس أبي ، عن حمّاد بن عيسى ، عن إبراهيم بن عمر اليمانيّ عن أبي الطفيل ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : جاء رجل إلى أبي عليّ بن الحسين عليهما السلام فقال له : إنّ ابن عبّاس يزعم أنّه يعلم كلّ آية نزلت في القرآن في أيّ يوم نزلت و فيمن نزلت فقال أبي عليه السلام : سله فيمن نزلت : « ومن كان في هذه أعمى فهو في الآخرة أعمى و أضلّ سبيلاً [2] » ؟ و فيمن نزلت : « ولا ينفعكم نصحي إن أردت أن أنصح لكم إن كان الله يريد أن يغويكم [3] » وفيمن نزلت : « يا أيّها الذين آمنوا اصبروا و صابروا و رابطوا [4] » ، فأتاه الرجل فسأله فقال : وددت أنّ الذي أمرك بهذا واجهني به فأسأله عن العرش ممّ خلقه الله ، و متى خلق ، و كم هو ، و كيف هو ؟ فانصرف الرجل إلى أبي عليه السلام فقال أبي عليه السلام : فهل أجابك بالآيات ؟ قال : لا قال أبي : لكن اُجيبك فيها بعلم و نور غير المدّعى ولا المنتحل ، أما قوله : « ومن كان في هذه أعمى فهو في الآخرة أعمى وأضلّ سبيلاً » ففيه نزل وفي أبيه وأما قوله : « ولا ينفعكم نصحي إن أردت أن أنصح لكم » ففي أبيه نزلت ، و أمّا الاُخرى ففي ابنه نزلت وفينا ، ولم يكن الرباط الذي اُمرنا به ، وسيكون ذلك من نسلنا المرابط [5]

(١) تفسير القمي : ٤٩٣ و الايات في العنكبوت ١ ـ ٣ .
(٢) الاسراء : ٧٢ (٣) هود : ٣٤
(٤) آل عمران : ٢٠٠ (٥) المرابط خل أقول : يوجد ذلك في المصدر .

وهل يقال هذا الكلام في عم النبي صلى الله عليه وسلم وابناء عمه سادة بني هاشم ؟!

مجلسی اپنی کتاب "بحار الانوار" میں
"باب احوال عشائرہ واقر بائہ" کے تحت ایک روایت نقل کرتا ہے:

''ابو جعفر علیہ السلام بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص ابو علی بن حسین علیہ السلام کے پاس آیا اس نے کہا: عبداللہ بن عباس (رضی اللہ عنہما) کا خیال ہے کہ قرآن کی ہر آیت کس دن اور کس کے بارے میں نازل ہوئی ہے مجھے علم ہے۔ تو میرے باپ علیہ السلام نے کہا: جا اس سے پوچھ کہ ﴿وَمَنْ كَانَ فِي هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا﴾ (الاسراء: ٧٢) کس کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ ﴿وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ﴾ (ھود: ٣٤) کس کے بارے میں نازل ہوئی۔ اور ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا﴾ کس کے بارے میں نازل ہوئی ہے؟

وہ شخص ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آیا سوال کیا تو انھوں نے فرمایا: میں چاہتا ہوں جس نے تجھے اس کا حکم دیا ہے وہ میرے سامنے آئے اور میں اس سے عرش کے بارے میں سوال کروں کہ اللہ نے کس چیز سے پیدا کیا، کب پیدا کیا، وہ کیا ہے؟ کتنا ہے؟ پھر وہ آدمی میرے باپ علیہ السلام کے پاس آیا، میرے باپ علیہ السلام نے کہا: کیا اس نے ان آیات کا جواب دیا ہے؟ اس نے کہا: نہیں۔ میرے باپ نے کہا: لیکن میں تجھے اس کے بارے میں علم اور نور کے ساتھ جواب دیتا ہوں دعویٰ نہیں کرتا اور نہ ہی ایسی بات کہتا ہوں جو میں نہیں جانتا۔ رہی یہ آیت ﴿وَمَنْ كَانَ فِي هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا﴾ (الاسراء: ٧٢) ''اور جو اس میں اندھا رہا تو وہ آخرت میں بھی اندھا ہوگا اور راستے سے بہت زیادہ بھٹکا ہوا ہوگا۔''

تو اس کے اور اس باپ کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ (یعنی عبداللہ اور عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں، نعوذ باللہ)

اور ﴿وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ هُوَ رَبُّكُمْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ﴾ (ھود: ٣٤) ''اور میری نصیحت تمھیں نفع نہ دے گی اگر میں چاہوں کہ تمھیں نصیحت کروں۔'' یہ آیت اس کے باپ کے بارے نازل ہوئی ہے اور دوسری آیات اس کے بیٹے اور ہمارے بارے میں نازل ہوئی ہیں۔ اور جو (آیت میں) رباط ہے جس کا ہمیں حکم دیا گیا ہے تو وہ عنقریب ہماری نسل سے ہی ہوگا۔

صاحب کتاب کہتا ہے: ''کیا اس طرح کی بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا اور چچا کے بیٹوں کے متعلق کہی جا سکتی ہے؟ جب وہ بنو ہاشم کے سردار تھے۔''

کامل الزیارات لابن قولویه القمي — مؤسسة نشر الفقاهة (قم)

کامل الزیارات

يسار ، قال : سمعت ابا عبد الله عليه السلام يقول مثله .

[١٣٤] ٣ ـ حدثني أبي رحمه الله ، عن سعد بن عبد الله ، عن يعقوب ابن يزيد ، عن محمد بن سنان ، عن سعيد بن يسار مثله .

[١٣٥] ٤ ـ حدثني ابي ، عن سعد بن عبد الله ، عن احمد بن محمد بن عيسى ، عن الحسن بن علي الوشاء ، عن احمد بن عائذ ، عن ابي سلمة سالم بن مكرم ، عن ابي عبد الله عليه السلام ، قال :

لما حملت فاطمة بالحسين جاء جبرئيل عليه السلام الى رسول الله صلى الله عليه وآله فقال : ان فاطمة ستلد ولداً تقتله امتك من بعدك ، فلما حملت فاطمة بالحسين كرهت حمله و حين وضعته كرهت وضعه ، ثم قال ابو عبد الله عليه السلام : هل رأيتم في الدنيا أمّا تلد غلاماً فتكرهه ، و لكنها كرهته لانها علمت انه سيقتل.

قال: و فيه نزلت هذه الاية : «وَ وَصَّيْنَا الْإِنْسانَ بِوالِدَيْهِ حُسْناً حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهاً وَ وَضَعَتْهُ كُرْهاً وَ حَمْلُهُ وَ فِصالُهُ ثَلاثُونَ شَهْراً»[١].[٢]

[١٣٦] ٥ ـ حدثني ابي رحمه الله ، عن سعد بن عبد الله ، عن محمد بن حماد ، عن اخيه احمد بن حماد ، عن محمد بن عبد الله ، عن ابيه ، قال : سمعت ابا عبد الله عليه السلام يقول :

---

١ ـ الاحقاف : ١٥.

٢ ـ عنه البحار ٤٤:٢٢١.

رواه في الكافي ١:٤٦٤، عنه البرهان ٤:١٧٢، نور الثقلين ٥ ١٣، تأويل الايات ٢:٥٧٩

یزعمون هذا فی ابنة رسول الله صلی الله علیه وسلم رضی من اکمل المؤمنین ایمانا بالله وبقضائه وقدره !!

ابن قولویہ القمی

اپنی کتاب "کامل الذیارات" میں

اپنی سند سے ایک روایت بیان کرتا ہے:

"ابوعبداللہ علیہ السلام فرماتے ہیں:

جب فاطمہ، حسین کے ساتھ امید سے ہوئیں تو جبریل علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے کہا:

"بے شک فاطمہ ایک لڑکا جنم دے گی جسے تیرے بعد تیری امت اسے قتل کر دے گی۔"

تو جب حسین کے ساتھ فاطمہ حاملہ ہوئیں تو انھوں نے اس کے حمل کو ناپسند کیا اور جب اسے جنم دیا تب اسے ناپسند کیا۔

پھر ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہا: کیا تم نے دنیا میں دیکھا ہے کہ کوئی ماں اپنے بچے کی پیدائش کو ناپسند کرتی ہو؟ لیکن آپ اس لیے اسے ناپسند کرتی تھیں کیوں کہ آپ نے جان لیا تھا کہ عنقریب اسے قتل کر دیا جائے گا۔"

صاحب کتاب کہتا ہے:

"کیا یہ حضرات، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی کے متعلق یہ خیالات رکھتے ہیں؟

جب کہ وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے والوں میں سب سے کامل اور اس کی قضا وقدیر پر ایمان رکھنے والی تھیں۔

علل الشرائع للصدوق الأعلمي للمطبوعات بيروت الأولى ١٤٠٨هـ

السلام يوم حظيرة بني النجار ، فلما قال له بعض أصحابه : ناولني أحدهما يا رسول الله قال : نعم الراكبان وأبوهما خير منهما ، وانه صلّى الله عليه وآله وسلّم كان يصلي بأصحابه فأطال سجدة من سجداته فلما سلّم قيل له : يا رسول الله لقد أطلت هذه السجدة ، فقال صلّى الله عليه وآله وسلّم : إن ابني ارتحلني فكرهت ان اعاجله حتى ينزل ، وإنما أراد بذلك (ص) رفعهم وتشريفهم فالنبي (ص) إمام ونبي وعلي (ع) إمام ليس بنبي ولا رسول فهو غير مطيق لحمل أثقال النبوة . قال محمد بن حرب الهلالي: فقلت له : زدني يابن رسول الله فقال : إنك لأهل للزيادة ان رسول الله (ص) حمل علياً عليه السلام على ظهره يريد بذلك أنه أبو ولده وإمام الأئمة من صلبه كما حول رداءه في صلاة الاستسقاء وأراد أن يعلم أصحابه بذلك أنه قد تحوّل الجدب خصباً . قال . قلت له زدني يابن رسول الله (ص) فقال : احتمل رسول الله (ص) علياً (ع) يريد بذلك ان يعلم قومه أنه هو الذي يخفف عن ظهر رسول الله (ص) ما عليه من الدين والعدات والاداء عنه من بعده ، قال . فقلت له . يابن رسول الله (ص) زدني فقال : احتمله ليعلم بذلك أنه قد احتمله وما حمل إلاّ لأنه معصوم لا يحمل وزراً فتكون أفعاله عند الناس حكمة وصواباً وقد قال النبي (ص) لعلي يا علي إن الله تبارك وتعالى حملني ذنوب شيعتك ، ثم غفرها لي وذلك قوله تعالى : ﴿ ليغفر لك الله ما تقدّم من ذنبك وما تأخر ﴾[1] ولما أنزل الله عزّ وجلّ عليه ﴿ عليكم أنفسكم ﴾ قال النبي (ص) : أيها الناس، عليكم أنفسكم لا يضركم من ضل إذا اهتديتم وعلي نفسي وأخي أطيعوا علياً فإنه مطهر معصوم لا يضل ولا يشقى . ثم تلا هذه الآية : ﴿ قل أطيعوا الله وأطيعوا الرّسول، فإن تولّوا فإنما عليه ما حمل وعليكم ما حملتم وان تطيعوه تهتدوا وما على الرسول إلاّ البلاغ المبين ﴾[2]

(١) سورة الفتح ، آية ٢

(٢) سورة النور، آية : ٥٤

٢٠٨

صدوق

اپنی کتاب "علل الشرائع" میں
ایک لمبی خبر ذکر کرتے ہوئے بیان کرتا ہے:

"نبی ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا:
اے علی! یقیناً اللہ تبارک وتعالیٰ نے تمھارے شیعہ کے گناہ مجھ پر ڈال دیے ہیں، پھر انھیں میرے لیے معاف کر دیا اور اس بات کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں بیان کیا ہے:

﴿لِّيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ﴾ (الفتح: ٢)
"تاکہ اللہ تیرے لیے بخش دے تیرا کوئی گناہ جو پہلے ہوا اور جو پیچھے ہوا۔"

صاحب کتاب کہتا ہے:

اللہ عزوجل تو فرماتا ہے:

﴿وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ﴾
(الانعام: ١٦٤)

"اور کوئی جان کمائی نہیں کرتی مگر اپنے آپ پر اور نہ کوئی بوجھ اٹھانے والی کسی دوسری کا بوجھ اٹھائے گی۔"

الاختصاص للشيخ المفيد الأعلمي للمطبوعات بيروت

ثلاثة نفر بصفين شهد لهم رسول الله ﷺ بالجنّة ولم يرهم : اُويس القرني وزيد بن صوحان العبدي وجندب الخير الأزدي رحمة الله عليهم (١).

✿(سفيان بن ليلى الهمداني)✿

حدّثنا جعفر بن الحسين المؤمن وجماعة من مشايخنا ، عن محمّد بن الحسن بن أحمد ، عن محمّد بن الحسن الصفّار ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن علي بن النعمان ، عن عبدالله بن مسكان ، عن أبي حمزة الثمالي ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : جاء رجل من أصحاب الحسن عليه السلام يقال له : سفيان بن ليلى وهو على راحلة له فدخل على الحسن عليه السلام وهو محتب (٢) في فناء داره فقال له : السلام عليك يا مذلّ المؤمنين ، فقال له الحسن : انزل ولا تعجل ، فنزل فعقل راحلته في الدّار ، ثمّ أقبل يمشي حتّى انتهى إليه قال : فقال له الحسن عليه السلام : ما قلت ؟ قال قلت : السلام عليك يا مذلّ المؤمنين ، قال : وما علمك بذلك ؟ قال : عمدت إلى أمر الاُمّة فحللته من عنقك وقلّدته هذه الطاغية يحكم بغير ما أنزل الله ، قال : فقال الحسن عليه السلام : سأخبرك لم فعلت ذلك سمعت أبي يقول . قال رسول الله ﷺ لن تذهب الأيّام واللّيالي حتّى يلي على اُمّتي رجل واسع البلعوم رحب الصدر يأكل ولا يشبع وهو معاوية ، فلذلك فعلت ماجاءبك ، قال : حبك ؟ قال : الله ، قال : الله ، قال : فقال الحسن عليه السلام : والله لايحبّنا عبد أبداً و لو كان أسيراً بالدّيلم إلّا نفعه الله بحبّنا و إنّ حبّنا ليساقط الذّنوب من ابن آدم كما يساقط الرّيح الورق من الشجر (٣) .

✿(تسمية من شهد مع الحسين بن علي عليهما السلام بكربلا)✿

العباس بن عليّ بن أبي طالب وهو السقّاء قتله حكيم بن الطفيل و اُمّ العباس اُمّ البنين بنت حزام بن خالد بن ربيعة بن الوحيد بن عامر ، وجعفر بن علي ، وعبدالله بن علي بن أبي طالب عليه السلام واُمّهما اُمّ البنين ، ومحمّد بن عليّ واُمّه اُمّ ولد ، وأبو بكر بن عليّ واُمّه ليلى بنت مسعود ، وعليّ بن الحسين بن عليّ بن أبي طالب واُمّه ليلى بنت أبي مرّة بن عروة بن مسعود

(١) نقله المجلسي في البحار ج ٨ ص ٤٢٢ مع توضيح وبيان .
(٢) احتبى بالثوب : جمع بين ظهره وساقيه بعمامة ونحوه . (القاموس)
(٣) نقله المجلسي في البحار ج ١٠ ص ١٠٥ .

قطعوا الإمامة من عقبه وولده رضي الله عنه ووصفوه بأنه مذل المؤمنين (١)

شیخ المفید اپنی کتاب "الاختصاص" میں

سفیان بن لیلی ھمدانی کا تذکرہ کرتے ہوئے بیان کرتا ہے:

''ابوجعفر علیہ السلام نے بیان کیا کہ اصحاب حسن علیہ السلام میں سے ایک شخص آیا۔ جسے سفیان بن لیلیٰ کہا جاتا ہے چناں چہ جب اپنی کسی سواری پر سوار ہو کر حسن علیہ السلام کے پاس داخل ہوا اور آپ اپنے گھر کے صحن میں گوٹھ مار کر بیٹھے ہوئے تھے تو اس نے کہا: السلام علیك یا مذل المومنین (اے مومنو کو ذلیل کرنے والے! تجھ پر سلام ہو) حسن نے اسے کہا: اتر آ جلدی مت کرنا۔ چناں چہ وہ اپنی سواری سے اترا اور حویلی میں سواری کو باندھ دیا پھر چل کر آپ کے پاس پہنچا تو حسن علیہ السلام نے اسے کہا: تو نے کہا کیا ہے؟ اس نے کہا: السلام علیك یا مذل المومنین (اے مومنو کو ذلیل کرنے والے! تجھ پر سلام ہو) آپ نے فرمایا: تجھے یہ بات کس نے بتائی ہے؟ اس نے کہا: آپ نے امت کے معاملہ کا قصد کیا اور اسے اپنی گردن سے اتار کر اس سرکش کے گلے میں ڈال دیا جو اللہ کی نازل کردہ شریعت کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا راوی کہتا ہے حسن علیہ السلام نے کہا: میں تجھے بتاتا ہوں کہ ایسا میں نے کیوں کیا ہے۔

میں نے اپنے باپ سے سنا وہ فرماتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دن اور رات ہرگز نہیں جائیں گے۔ (مطلب قیامت برپا نہ ہوگی) حتی کہ میری امت سے ایک موٹی گردن والا، کشادہ سینے والا والی نہ بن جائے جو کھاتا ہوگا لیکن سیر نہ ہوگا اور وہ معاویہ (رضی اللہ عنہ) ہے، اسی لیے میں نے وہ کہا ہے جس کے لیے تم آئے ہو۔ پھر کہا تم کس سے محبت کرتے ہو، کہا اللہ سے۔ پھر کہا: اللہ سے۔ راوی کہتا ہے حسن علیہ السلام نے فرمایا: اللہ کی قسم! ہم سے کوئی بھی بندہ محبت نہیں کرتا اگرچہ وہ دیلم مقام میں قید میں ہو مگر اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ محبت کرنے کی وجہ سے اسے نفع دیتا ہے اور بے شک ہماری محبت ابن آدم کے گناہ ایسے گرا دیتی ہے جیسے ہوا درخت کے پتے گرا دیتی ہے۔

صاحب کتاب کہتا ہے:

''انھوں نے حسن رضی اللہ عنہ کی اولاد سے امامت کو منقطع کر دیا اور انھیں ایمان والوں کو ذلیل کرنے والا قرار دیا ہے!''

حاضراً؟ فقالت : بل حاضراً قال : فرفع(١) رأسه إلى السماء وقال : اللّهمّ إنّه قد ثبت لك عليها أربع شهادات وإنّك قد قلت لنبيّك ﷺ فيما أخبرته به من دينك : يا محمّد من عطّل حدّاً من حدودي فقد عاندني وطلب بذلك مضادّتي اللّهمّ فإنّي غير معطّل حدودك ولا طالب مضادّتك ولا مضيّع لأحكامك بل مطيع لك ومتّبع سنّة نبيّك ﷺ قال : فنظر إليه عمرو بن حريث وكأنّما الرّمان يفقأ في وجهه فلمّا رأى ذلك عمرو قال : يا أمير المؤمنين إنّني إنّما أردت أكفله إذ ظننت أنّك تحبّ ذلك فأمّا إذا كرهته فإنّي لست أفعل فقال أمير المؤمنين عليه السلام : أبعد أربع شهادات بالله؟! لتكفلنّه وأنت صاغر فصعد أمير المؤمنين عليه السلام المنبر فقال : يا قنبر ناد في الناس الصلاة جامعة ، فنادى قنبر في الناس فاجتمعوا حتّى غصّ المسجد بأهله وقام أمير المؤمنين صلوات الله عليه فحمد الله وأثنى عليه ثمّ قال : أيّها الناس إنّ إمامكم خارج بهذه المرأة إلى هذا الظهر ليقيم عليها الحدّ إن شاء الله فعزم عليكم أمير المؤمنين لما خرجتم وأنتم متنكّرون ومعكم أحجاركم لا يتعرّف أحد منكم إلى أحد حتّى تنصرفوا إلى منازلكم إن شاء الله قال : ثمّ نزل فلمّا أصبح الناس بكرة خرج بالمرأة وخرج الناس متنكّرين متلثّمين(٢) بعمائمهم وبأرديتهم والحجارة في أرديتهم وفي أكمامهم حتّى انتهى بها والناس معه إلى الظهر بالكوفة فأمر أن يحفر لها حفيرة ثمّ دفنها فيها ثمّ ركب بغلته وأثبت رجليه في غرز الركاب(٣) ثمّ وضع إصبعيه السبّابتين في أذنيه ثمّ نادى بأعلى صوته يا أيّها الناس إنّ الله تبارك وتعالى عهد إلى نبيّه ﷺ عهداً عهده محمّد ﷺ إليّ بأنّه لا يقيم الحدّ من لله عليه حدّ فمن كان عليه حدّ مثل ما عليها فلا يقيم عليها الحدّ . قال : فانصرف الناس يومئذ كلّهم ما خلا أمير المؤمنين عليه السلام والحسن والحسين عليهما السلام فأقام هؤلاء الثلاثة عليها الحدّ يومئذ وما معهم غيرهم قال : وانصرف فيمن انصرف يومئذ محمّد بن أمير المؤمنين عليه السلام .

(١) والمشهور أنه لا يقام الحد على الحامل سواء كان جلداً أو رجماً فاذا وضعت فان كان جلداً ينتظر خروجها من النفاس لانها مريضة ثم إن كان للولد من يرضعه اقيم عليها الحد ولو رجماً على المشهور من أنه لا يعيش غالباً بدونه وإلا انتظر بها استغناء الولد عنها . (كذا ذكره الشهيد) .

(٢) اللثام ما كان على الفم من النقاب (٣) والغرز الركاب من الجلد

کلینی

اپنی کتاب "الفروع من الکافی" میں

محمد بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ پر طعن کرتے ہوئے ایک لمبی خبر ذکر کرتا ہے:

"امیر المومنین علیہ السلام نے اپنی دونوں شہادت والی انگلیاں کانوں میں داخل کر کے اونچی آواز سے منادی لگائی:

اے لوگو! یقیناً اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک عہد لیا جو عہد محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے لیا وہ عہد یہ تھا کہ جس شخص پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی حد لگنی ہو تو اس پر اس کی مثل حد قائم نہ کرے۔"

راوی کہتا ہے:

"اس دن سارے لوگ چلے گئے سوائے امیر المومنین، اور حسن و حسین علیہم السلام کے، تو ان تینوں نے اس دن اس عورت پر حد لگائی اور ان کے ساتھ ان کے علاوہ کوئی اور نہیں تھا۔ اس دن جو لوگ واپس چلے گئے تھے ان میں محمد بن امیر المومنین علیہ السلام بھی تھا۔"

صاحب کتاب کہتا ہے:

"اس واقعہ میں ظاہری طور پر محمد بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم اور ان کے باپ میں طعن اور بہتان تراشی ہے۔"

رجال الكشي — محمد بن عمر الكشي — تحقيق: أحمد السيد الحسيني

٥٢ عبد الله بن عباس

حتى قتل رحمة الله عليهما .

ما قيل في أهل عبد الله ومنهم ابن عباس :

وروى محمد بن عيسى بن عبيد عن محمد بن سنان عن موسى بن بكر الواسطي عن الفضيل بن يسار عن ابي جعفر عليه السلام قال : سمعته يقول : قال امير المؤمنين عليه السلام : اللهم العن ابني فلان (١) واعم ابصارهما كما أعميت قلوبهما الاجلين في رقبتي واجعل عمى ابصارهما دليلا على عمى قلوبهما .

° ° °

١٥ ـ عبد الله بن عباس :

جعفر بن معروف قال : حدثنا يعقوب بن يزيد الانباري عن حماد ابن عيسى عن ابراهيم بن عمر اليماني عن الفضيل بن يسار عن ابي جعفر عليه السلام قال : أتى رجل ابي عليه السلام فقال : أن فلاناً ـ يعني عبد الله بن العباس ـ يزعم انه يعلم كل آية نزلت في القرآن في أي يوم نزلت وفيم نزلت . قال : فسأله فيمن نزلت ﴿ ومن كان في هذه اعمى فهو في الآخرة اعمى واضل سبيلا ﴾ (٢) وفيم نزلت ﴿ ولا ينفعكم نصحي أن اردت أن انصح لكم ﴾ (٣) وفيم نزلت ﴿ ياايها الذين آمنوا اصبروا وصابروا ورابطوا ﴾ (٤) فأتاه الرجل وقال : وددت الذي امرك بهذا واجهني به فاسائله ، ولكن سله ما العرش ومتى خلق وكيف هو ؟ فانصرف الرجل إلى ابي فقال له ما قال ، فقال : وهل اجابك في الآيات ؟ قال : لا . قال ولكني اجيبك فيها بنور وعلم

(١) ... عبد الله وعبيد الله ابني عباس ...

(٢) سورة الاسراء آية ٧٢ .

(٣) سورة هود آية ٣٤ .

(٤) سورة آل عمران آية ٢٠٠ .

رجال الكشي — محمد بن عمر الكشي — تحقيق: أحمد السيد الحسيني

عبدالله بن عباس ابن عم رسول الله ، من سادات آل البيت مكانته عند المسلمين (ترجمان القرآن) وهو عند الشيعة : ملعون أعمى البصر والبصيرة !!

محمد بن عمر الکشی

اپنی کتاب "رجال کشی" میں

باب قائم کرتا ہے:

"علی (رضی اللہ عنہ) نے عباس (رضی اللہ عنہ) کے دو بیٹوں عبداللہ اور عبیداللہ پر بددعا کی۔"

پھر اپنی سند سے ابوجعفر علیہ السلام سے بیان کرتا ہے کہ انھوں نے امیرالمومنین علیہ السلام کو کہتے ہوئے سنا: اے اللہ! فلاں 1 کے دونوں بیٹوں پر لعنت کر اور ان کی آنکھوں کو اس طرح اندھا کر دے جس طرح تو نے ان کے دلوں کو اندھا کیا ہے اور ان کی آنکھوں کے اندھا پن کو ان کے دلوں کے اندھا پن پر دلیل بنا۔

دوسری سند سے بیان کرتا ہے: "ابوجعفر علیہ السلام نے فرمایا کہ ایک شخص میرے باپ علیہ السلام کے پاس آیا اور اس نے کہا: کہ فلاں یعنی عبداللہ بن عباس (رضی اللہ عنہ) یہ گمان کرتا ہے کہ قرآن مجید میں نازل شدہ ہر آیت کے بارے میں علم ہے کہ وہ کس دن نازل ہوئی اور کس کے بارے میں نازل ہوئی ...... الخ (یہ پورا واقعہ مجلسی کی بحار الانوار کے حوالے سے پیچھے گزر چکا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں)"

حاشیہ میں ہے: فلاں کے دو بیٹوں سے عبداللہ اور عبیداللہ بن عباس سے کنایہ ہے۔

صاحب کتاب کہتا ہے:

"عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی ہیں، آل بیت کے سرداروں میں سے ایک ہیں۔ مسلمانوں کے ہاں یہ قرآن کے ترجمان ہیں لیکن شیعہ کے ہاں لعنتی آنکھوں اور بصیرت سے اندھے ہیں!"

الخاصة فقال حينئذ إذا شئت جعلني الله فداك، ثم قال لحجابه: خذوا به خلف السماطين حتى لا يراه هذا - يعني الموفق - فقام وقام أبي وعانقه ومضى، فقلت لحجاب أبي وغلمانه: ويلكم من هذا الذي كنيتموه على أبي وفعل به أبي هذا الفعل، فقالوا - هذا علوي يقال له الحسن بن علي يعرف بابن الرضا فازددت تعجباً ولم أزل يومي ذلك قلقاً متفكراً في أمره وأمر أبي وما رأيت فيه حتى كان الليل وكانت عادته أن يصلي العتمة ثم يجلس فينظر فيما يحتاج إليه من المؤامرات[1] وما يرفعه إلى السلطان، فلما صلى وجلس، جئت فجلست بين يديه وليس عنده أحد فقال لي: يا أحمد لك حاجة؟ قلت: نعم يا أبه فإن أذنت لي سألتك عنها؟ فقال: قد أذنت لك يا بني فقل ما أحببت، قلت: يا أبه من الرجل الذي رأيتك بالغداة فعلت به ما فعلت من الاجلال والكرامة والتبجيل وفديته بنفسك وأبويك؟ فقال: يا بني ذاك إمام الرافضة، ذاك الحسن بن علي المعروف بابن الرضا، فسكت ساعة، ثم قال: يا بني لو زالت الامامة عن خلفاء بني العباس ما استحقها أحد من بني هاشم غير هذا وإن هذا ليستحقها في فضله وعفافه وهديه وصيانته وزهده وعبادته وجميل أخلاقه وصلاحه ولو رأيت أباه رأيت رجلاً، جزلاً، نبيلاً، فاضلاً، فازددت قلقاً وتفكراً وغيظاً على أبي وما سمعت منه واستزدته في فعله وقوله فيه ما قال، فلم يكن لي همة بعد ذلك إلا السؤال عن خبره والبحث عن أمره، فما سألت أحداً من بني هاشم والقواد والكتاب والقضاة والفقهاء وسائر الناس إلا وجدته عنده في غاية الاجلال والاعظام والمحل الرفيع والقول الجميل والتقديم له على جميع أهل بيته ومشايخه فعظم قدره عندي إذ لم أر له ولياً ولا عدواً إلا وهو يحسن القول فيه والثناء عليه، فقال له بعض من حضر مجلسه من الأشعريين: يا أبا بكر فما خبر أخيه جعفر؟[2] فقال: ومن جعفر فتسأل عن خبره؟ أو يقرن بالحسن جعفر معلن الفسق فاجر ماجن[3] شريب للخمور أقل من رأيته من الرجال وأهتكهم لنفسه، خفيف قليل في نفسه، ولقد ورد على السلطان وأصحابه في وقت وفاة الحسن بن علي ما تعجبت منه وما ظننت أنه يكون وذلك أنه

(١) المؤامرات: المشاورة كالمؤامرة والاستشارة والتآمر (٢) هو المشهور بالكذاب.
(٣) الماجن من لم يبال بما قال وما صنع. والشريب كسكين المولع بالشراب.

وهل يقال مثل هذا الكلام في رجل من آل بيت النبي عليه وعلى آله أفضل الصلاة والسلام؟!!

محمد بن یعقوب الکلینی

اپنی کتاب "الاصول من الکافی" میں

کتاب الحجة کے تحت جعفر رضی اللہ عنہ کے بارے میں ذکر کرتا ہے:

(اور حاشیہ میں لکھا ہے کہ یہ مشہور کذاب ہے۔) پھر آگے ذکر کیا:

"جعفر رضی اللہ عنہ کون؟"

آپ جعفر رضی اللہ عنہ کے بارے میں سوال کرتے ہو؟

جعفر (رضی اللہ عنہ) تو ظاہری فسق کرنے والا فاجر، پاگل اور بہت زیادہ شراب پینے والا، مردانگی میں بہت کم، اپنے نفس کی سب سے زیادہ ہتک کرنے والا اور اپنے نفس میں بھی بڑا ضعیف ہے۔"

صاحب کتاب کہتا ہے:

"کیا ایسی بات آل بیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی آدمی کے متعلق کہی جاسکتی ہے؟"

تفسير القمي علي بن ابراهيم القمي دار الكتاب قم ايران الثالثة تصوير بيروت ١٣٨٧هـ

الميثاق عليهم له « واما الذين كفروا فيقولون ماذا اراد الله بهذا مثلا يضل به كثيراً ويهدي به كثيراً » فرد الله عليهم فقال « وما يضل به الا الفاسقين الذين ينقضون عهدالله من بعدميثاقه - في علي - ويقطعون ما امرالله به ان يوصل » يعني من صلة امير المؤمنين (ع) والائمة عليهم السلام « ويفسدون في الارض اولئك هم الخاسرون » قوله (وكيف تكفرون بالله وكنتم امواتاً فاحياكم) اي نطفة ميتة وعلقة واجرى فيكم الروح فاحياكم (ثم يميتكم - بعد - ثم يحييكم) في القيامة (ثم اليه ترجعون) والحياة في كتاب الله على وجوه كثيرة ، فمن الحياة ابتداء خلق الانسان في قوله « فاذا سويته ونفخت فيه من روحي » فهي الروح المخلوق خلقه الله واجرى في الانسان « فقعوا له ساجدين » .

والوجه الثاني من الحياة يعني به انبات الارض وهو قوله يحيي الارض بعد موتها والارض الميتة التي لا نبات لها فاحياؤها بنباتها .

ووجه آخر من الحياة وهو دخول الجنة وهو قوله « استجيبوا لله وارسوله اذا دعاكم لما يحييكم » يعني الخلود في الجنة والدليل على ذلك قوله « وان الدار الآخرة لهي الحيوان » .

واما قوله (واذ قلنا للملائكة اسجدوا لآدم فسجدوا الا ابليس ابى واستكبر وكان من الكافرين) فانه حدثني ابي عن ابن ابي عمير عن جميل عن ابي عبدالله (ع) قال سئل عما ندب الله الخلق اليه ادخل فيه الضلالة ؟ قال نعم والكافرون دخلوا فيه لأن الله تبارك وتعالى امر الملائكة بالسجود لآدم فدخل في امره الملائكة وابليس فان ابليس كان من الملائكة في السماء يعبدالله وكانت

هل وصف امير المومنين باحط الحشرات واحقرها مدح له ام ذم ؟؟!

علی بن ابراہیم القمی

اپنی "تفسیر القمی" میں

ابوعبداللہ علیہ السلام سے روایت کرتا ہے:

انھوں نے ﴿اِنَّ اللّٰهَ لَا یَسْتَحْیٖۤ اَنْ یَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا﴾ (البقرة: ٢٦) قرآن مجید کی اس آیت کے متعلق فرمایا:

اللہ تعالی نے یہ مثال امیرالمومنین علیہ السلام کے بارے میں بیان فرمائی ہے۔ "بعوضة" سے مراد امیرالمومنین علیہ السلام ہیں اور "فمافوقما" سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور اس کی دلیل یہ فرمان الٰہی ہے:

﴿فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ﴾ (البقرة: ٢٦)

صاحب کتاب کہتا ہے:

"کیا امیرالمومنین علی رضی اللہ عنہ کو حشرات میں سے سب سے حقیر اور نکمے جانور سے متصف کرنا یہ آپ کی مدح ہے یا مذمت؟"

پانچویں فصل

مقدمہ

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی مقامات پر صحابہ رسول ﷺ کی ثناء بیان کی ہے اور ان کے متعلق خبر دی ہے کہ جنھوں نے درخت کے نیچے بیعت کی، اللہ ان سے راضی ہو گیا اور وہ چودہ سو (۱۴۰۰) صحابہ ہیں اور ان میں دس (۱۰) ایسے صحابہ ہیں جنھیں جنت کی خوش خبری دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی کئی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین ہیں جنھیں دنیا میں جنت کی خوش خبری دی گئی ہیں۔ (حاشیہ)

نیز فتح مکہ سے پہلے اور بعد والے تمام صحابہ جنھوں نے اسلام قبول کیا ان کی تعریف فرمائی اور اس بات کی وضاحت فرمائی کہ جو اس سے پہلے اسلام لے آئے وہ افضل ہیں اور ان تمام سے اللہ تعالیٰ نے اچھا وعدہ کیا ہے۔ فرمان الٰہی ہے:

﴿لَا يَسْتَوِي مِنْكُمْ مَنْ أَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِنَ الَّذِينَ أَنْفَقُوا مِنْ بَعْدُ وَقَاتَلُوا ۚ وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝﴾ (الحدید: ۱۰)

''تم میں سے جس نے فتح (مکہ) سے پہلے خرچ کیا اور جنگ کی وہ (یہ عمل بعد میں کرنے والوں کے) برابر نہیں۔ یہ لوگ درجے میں ان لوگوں سے بڑے ہیں جنھوں نے بعد میں خرچ کیا اور جنگ کی اور ان سب سے اللہ نے اچھی جزا کا وعدہ کیا ہے اور اللہ اس سے جو تم کرتے ہو خوب باخبر ہے۔''

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے کہ نبی ﷺ کی ازواج (بیویاں) سب کی سب اہل ایمان کی مائیں ہیں۔ فرمان الٰہی ہے:

﴿وَ اَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ﴾ (الاحزاب: ٦)

''اور اس کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔''

ان میں سے کسی کو بھی استثنیٰ نہیں کیا اور اللہ تعالیٰ نے انھیں دنیا کے درمیان اور نبی ﷺ کے ساتھ باقی رہنے کا اختیار دیا تو ان سب نے آپ ﷺ کی وفات تک آپ کے ساتھ باقی رہنے کو اختیار کیا اور وہ آپ کی عصمت میں رہیں اور اگر وہ دنیا کو اختیار کرتیں یا کفر کرتیں۔ جیسا کہ ان میں سے بعض کے بارے میں شیعہ کا اعتقاد ہے۔ تو ان کے لیے کبھی بھی آپ کے ساتھ باقی رہنا اسلام میں جائز نہ ہوتا۔

پھر مہاجر اور انصار صحابہ کی بھی ثناء بیان کی ہے۔ جیسے سورہ الحشر میں ہے پھر بیان کیا کہ ان کے بعد آنے والے اہل ایمان وہ لوگ ہیں جو ان کے لیے دعا کرتے ہیں اور استغفار کرتے ہیں۔ چناں چہ وہ اہل ایمان نہیں میں جو صبح وشام ان پر وشتم کرتے ہیں اور ان پر لعنت بھیجتے ہیں۔

جیسا کہ فرمان الٰہی ہے:

﴿وَ الَّذِیْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ لِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَ لَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَاۤ اِنَّكَ رَءُوْفٌ

رَّحِيمٌ ﴿١٠﴾ (الحشر: ١٠)

''اور (ان کے لیے) جو ان کے بعد آئے، وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو بخش دے جنھوں نے ایمان لانے میں ہم سے پہل کی اور ہمارے دلوں میں ان لوگوں کے لیے کوئی کینہ نہ رکھ جو ایمان لائے، اے ہمارے رب! یقیناً تو بے حد شفقت کرنے والا، نہایت رحم والا ہے۔''

کیا اس کے بعد عقل اس بات کو قبول کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو مبعوث کرے پھر آپ کے خاص ساتھی اور آپ کے خاص احباب کو جھوٹ اور دھوکے کا مرکب بنا دے؟ کیا اللہ تعالیٰ انھیں مرتد لوگوں میں انتہائی ادنیٰ درجے کے لوگ بنا دے گا؟ کیا یہ بات عقل میں سما سکتی ہے کہ یہ سارے کے سارے لوگ ایسے ہی تھے اور ایک کثیر تعداد کو مرتد قرار دے کر استثنیٰ قرار دیں؟

لیکن جو صحابہ کے بارے میں قصص اور اخبار بیان کی جاتی ہیں ان میں بعض تو جھوٹ ہیں بعض میں کمی وبیشی ہے، بعض کو غیر محل پر محمول کیا ہے۔ بعض میں عذر ہیں اور بعض میں غلطیاں ہیں، تاہم صحابہ کرام گناہوں سے معصوم نہیں ہیں۔ لیکن ان کی نیکیاں گناہوں کے مقابلہ میں کئی گناہ زیادہ ہیں۔ یہ تفصیل ذکر کرنے کی جگہ نہیں ہے۔

اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ان کی ثناء بیان کی ہے، ان سے راضی ہونے کی خبر دی ہے اور ان سے اچھا وعدہ کیا ہے، چناں چہ نبی ﷺ کی دعوت کے اختتام تک آپ کے ساتھی بن کر رہے، آپ کے ساتھ صبر کا مظاہرہ کیا، مل کر جہاد کیا اور آپ کی وفات کے بعد بھی ثابت قدم رہے اور مرتدین سے قتال کیا تو یہ صحابہ کرام ہمارے آباء واجداد سے بھی زیادہ عذر کے حق دار ہیں اور ان کے متعلق یہی اہل السنہ کا مذہب ہے۔

ہم بات کو طول نہیں دیتے چناں چہ آج تلک بھی ایسے لوگ موجود ہیں جو ان کے بارے میں

طعن زنی اور جرح کرتے ہیں اور اسی طرح امہات المومنین کے بارے میں گھٹیا زبان استعمال کرتے ہیں۔

آیئے دیکھتے ہیں کہ ان لوگوں کی صحابہ وامہات المومنین کے بارے میں کیسی سنگین باتیں ہیں جو کہ ان کے ہاتھوں نے خود لکھی ہیں۔

لئالیء الأخبار — محمد التویسرکانی — ایران قم

-۹۲- الادعیۃلاداءالدین ج۲

یضم : الجهاد فقال رسول اللہ : لکل ماقلتم فضل ولیس به ولکن اوثق عری الأیمان الحب فی اللہ والبغض فی اللہ وتولی اولیاء اللہ والتبرّی من أعداء اللہ وقدمرت هناك أخبار عجیبة فی فضل المتحابین فی اللہ والمتباغضین فی اللہ منها ان اباعبداللہ قال: ان للہ عموداً من زبرجد اعلاہ معقود بالعرش واسفله فی تخوم الارضین السابعة علیه سبعون الف قصر فی کل قصر سبعون الف مقصورة فی کل مقصورة سبعون الف حوراء قداعدالله ذلك للمتحابین فی اللہ والمتباغضین فی اللہ .

ومرت فی الباب السابع فی لؤلؤان النبی اوتی سمع الخلایق قصة غریبة من لمرأة فاحشة کانت تزنی باینها وتجت بعد موتها بسبب الصلاة علی النبی و آله واللعن علی أعدائهم لهما شیء عظیم فی المقام فارجهما لان لاتفتر من لعن هؤلاء الملاعین وغیرهم من الاعداء .

فی الادعیة لاداء الدین

لؤلؤ: فی ادعیة مجربة لاداء الدین والثروة وفی بعض الادعیة الشریفة التی لایحصی ثوابها وینبغی المداومة علیها فی جمیع الاوقات سیما فی ادبار الصلوات ـ فی الکشکول عن الصادق عن آبائه قال امیر المؤمنین : شکوت الی رسول اللہ دیناً علیّ فقال : یاعلی قل: اللهم اغننی بحلالك عن حرامك، و بفضلك عمن سواك فلو کان علیك مثل ثبیر دیناً قضاہ اللہ عنك. قال طاب ثراہ فی شرح الاربعین بعد نقل هذا قد کثر علیّ الدین فی بعض السنین حتی جاوز الفاً وخمسمأة مثقال ذهباً وکان اصحابه متشددین فی تقاضیه غایة التشدد حتی شغلنی الاهتمام به عن أکثر اشتغالی ولم یکن لی فی وفائه حیلة ولا الی أدائه وسیلة

فی ای دیانة او ملة رایت مثل هذا الکلام ؟

محمد التور سیر کانی

اپنی کتاب "لئالئ الأخبار" میں

صحابہ کرام کے متعلق لعنت کرنے کی مناسب جگہ بیان کرتے ہوئے کہتا ہے:

"تنبیہ! جان لو! کہ سب سے اچھی جگہ، اوقات اور سب سے مناسب حالات کہ جن میں تم ان (صحابہ) پر لعنت کرنا چاہتے ہو وہ (یہ ہے کہ): جب تم قضائے حاجت کی جگہ میں ہو یا تم قضائے حاجت کے لیے اکیلے ہو اور پیشاب سے فارغ ہو کر پاکی حاصل کرنا چاہتے ہو تو اس وقت کہو: اے اللہ! عمر پر لعنت کر، پھر ابوبکر اور عمر پر، پھر عثمان اور عمر پر، پھر معاویہ اور عمر پر، پھر یزید اور عمر پر، پھر ابن زیاد اور عمر پر، پھر ابن سعد اور عمر پر، پھر شمر اور عمر پر، پھر ان کے لشکر اور عمر پر لعنت کر۔ اے اللہ! عائشہ، حفصہ، ہند، ام الحکم پر لعنت کر اور قیامت تک اس شخص پر بھی لعنت کر جو ان کے افعال کو پسند کرے۔"

صاحب کتاب کہتا ہے:

"کس دین وملت میں اس جیسا کلام ملتا ہے؟"

فصل

في سيرته عليه السلام

ومن سيرته ما يعمل من الحدود بأبي بكر وعمر وعايشة. روى في حلية الأبرار السيد هاشم التوبلي بسنده إلى عبد العظيم الحسيني قال. قلت لمحمد ابن علي بن موسى عليه السلام إني لأرجو أن تكون القائم عليه السلام من أهل بيت محمد الذي يملأ الأرض عدلاً وقسطاً كما ملئت جوراً وظلماً فقال عليه السلام: يا أبا القاسم ما منا إلا قائم بأمر الله عز وجل وهاد إلى دين الله، ولكن القائم عليه السلام الذي يطهر الله عز وجل به الأرض من أهل الكفر والجحود ويملأها عدلاً وقسطاً هو الذي تخفى على الناس ولادته ويغيب عنهم شخصه ويحرم عليهم تسميته وهو سمي رسول الله صلى الله عليه وآله وكنيه صلى الله عليه وآله، وهو الذي تطوى له الأرض ويذل له كل صعب وتجتمع إليه أصحابه عدة أصحاب بدر ثلثمائة وثلاثة عشر رجلاً من أقاصي الأرض وذلك قول الله عز وجل: ﴿أينما تكونوا يأت بكم الله جميعاً إن الله على كل شيء قدير﴾ فإذا اجتمعت له هذه العدة من أهل الإخلاص أظهر الله أمره فإذا أكمل له العقد وهو عشرة آلاف رجل خرج بإذن الله عز وجل فلا يزال يقتل أعداء الله حتى يرضى الله عز وجل: قال عبد العظيم: فقلت: يا سيدي فكيف يعلم ان الله عز وجل قد رضي؟ قال: يلقي في قلبه الرحمة فإذا أتى المدينة أخرج اللات والعزى فأحرقهما أقول. يحمل المنع من تسميته عليه السلام وقت ولادته وفي زمان غيبته الصغرى بالاسم الخاص لورود التسمية به عنهم عليهم السلام.

وفيه عن محمد بن جرير الطبري في مسند فاطمة عليها السلام بسنده إلى أبي الجارود عن أبي جعفر عليه السلام قال: سألته متى يقوم قائمكم؟ قال: يا

١١٢

احمد الاحسائی

اپنی کتاب "الرجعة" میں

قائم بامر اللہ کے متعلق کہتا ہے:

"ابوبکر، عمر اور عائشہ پر حد قائم کرے گا۔ آگے چل کر خط کشیدہ عبارت میں کہتا ہے۔ کہ وہ مدینہ میں آئے گا لات اور عزی کو نکال کر جلا دے گا۔"

صاحب کتاب کہتا ہے:

"کون سی ایسی حدود ہیں جو نبی ﷺ کے دو وزیروں پر اور آپ ﷺ کی پاک باز بیوی پر وہ حد قائم کرے گا؟

کیا قائم بامر اللہ، علی رضی اللہ عنہ سے بھی بڑھ گیا ہے!"

ابن ابی كبشة فيكون هلاكنا ولكن يكون ذخرا فان ظفرت قريش اظهرنا عبادة هذا الصنم واعلمناهم انّنا لم نفارق ديننا وان رجعت دولة ابن ابی كبشة كنّا مقيمين على عبادة الصنم سرّا فاخبر بها جبرئيل عليه السلام رسول الله صلى الله عليه وآله فخبرني بذلك رسول الله صلى الله عليه وآله بعد قتل عمرو بن عبدودّ فدعاهما فقال كم صنم عبدتما في الجاهلية فقالا يا محمد لاتعيّرنا بما في الجاهلية فقال كم صنما تعبدان اليوم فقالا والذی بعثك بالحق نبيّاً ما نعبد الاّ الله منذ اظهرنا لك من دينك ما اظهرنا فقال يا علی خذ هذا السيف ثمّ انطلق الى موضع كذا وكذا فاستخرج الصنم الذی يعبدانه فاهشمه فان حال بينك وبينه احد فاضرب عنقه فانكبّا على رسول الله صلى الله عليه وآله يقبّلانه ثمّ قالا استرنا يسترك الله فقلت انا الضامن لهما من الله ورسوله ان لايعبدا الاّ الله ولايشركا به شيئا فعاهدا رسول الله صلى الله عليه وآله على ذلك وانطلقت حتّى استخرجت الصنم من موضعه ثم انصرفت الى رسول الله صلى الله عليه وآله فوالله لقد تبيّن ذلك في وجوههما

وقد ابدى ابن ابی الحديد عذرهما حيث قال

عذرتكما إن الحمام لمبغض	وإنّ بقاء النفس للنفس محبوب
دعا قصب العلياء يملكها امرء	بغير أفاعيل الدنائة مغصوب

[illegible]

ويوضح هذا المعنى ما ذكره البلاذری وهو من الجمهور في تاريخه قال لمّا قتل الحسين بن علی عليهما السلام كتب عبدالله بن عمر الى يزيد بن معاوية ، امّا بعد فقد عظمت الرزيّة وجلّت المصيبة ، وحدث في الاسلام حدث عظيم ، ولا يوم كيوم الحسين فكتب اليه يزيد لعنه الله يا أحمق إنّا جئنا الى بيوت منجّدة ، وفرش ممهدة ، ووسائد منضّدة فقاتلنا عنها فان يكن الحقّ لنا فمن حقّنا وان يكن لغيرنا فابوك اوّل من سنّ هذا وابتزّه واستأثر بالحقّ على اهله فبعث الى عبدالله بن عمر عهداً كتبه ابوه الى معاوية هذا عهد من عمر بن الخطاب الى معوية بن ابی سفيان

إعلم يا معوية أنّ محمّداً قد جاء بالا فك والسحر ومنعنا من اللاّت والعزّى وحوّل

إلَّا تَنْصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللَّهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا — أليس هذا صاحب النبي في الغار؟

نعمة اللہ الجزائری

اپنی کتاب "انوار النعمانیة" میں

ابوبکر رضی اللہ عنہ کے متعلق ایک لمبی روایت نقل کرنے کے بعد کہتا ہے:

''اس حدیث پر تعجب نہ کرو کیوں کہ خاص طور پر بعض اخبار میں مروی ہے کہ ابوبکر (رضی اللہ عنہ) رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھتا تھا اور اس کی گردن میں ایک بت لٹکا ہوتا اور اس کو سجدہ کرتا تھا۔''

صاحب کتاب کہتا ہے:

''کیا ابوبکر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے غار کے ساتھی نہیں ہیں؟ فرمان الٰہی ہے:

﴿إِلَّا تَنصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللَّهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا﴾ (التوبہ: ٤٠)

''اگر تم اس کی مدد نہ کرو تو بلاشبہ اللہ نے اس کی مدد کی، جب اسے ان لوگوں نے نکال دیا جنھوں نے کفر کیا، جب کہ وہ دو میں دوسرا تھا، جب وہ دونوں غار میں تھے، جب وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا غم نہ کر، بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے۔''

الزام الناصب في إثبات الحجة الغائب علي الحائري الأعلمي للمطبوعات بيروت الرابعة ١٣٩٧هـ

لا تأخذوا المصاحف ودعوها تكون عليهم حسرة كما بدلوها وغيروها وحرفوها ولم يعملوا بما فيها قال المفضل يا مولاي ثم ماذا يصنع المهدي قال عليه السلام يثور سرايا على السفياني الى دمشق فيأخذونه ويذبحونه على الصخرة ثم يظهر الحسين عليه السلام في اثنى عشر الف صديق واثنين وسبعين رجلا اصحابه يوم كربلا فيا لك عندها من كرة زهراء بيضاء ثم يخرج الصديق الاكبر امير المؤمنين عليه السلام علي بن ابي طالب وينصب له القبة بالنجف ويقام أركانها ركن بالنجف وركن بهجر وركن بصفا وركن بأرض طيبة لكأني أنظر الى مصابيحها تشرق في السماء والارض كأضواء من الشمس والقمر فعندها تبلى السرائر وتذهل كل مرضعة عما ارضعت الى آخر الاية ثم يخرج السيد الاكبر محمد رسول الله (ص) في أنصاره والمهاجرين ومن آمن به وصدقه واستشهد معه ويحضر مكذبوه والشاكون فيه والرادون عليه والقائلون فيه انه ساحر وكاهن ومجنون وناطق عن الهوى ومن حاربه وقاتله حتى يقتص منهم بالحق ويجازون بأفعالهم منذ وقت ظهور رسول الله (ص) الى ظهور المهدي مع امام امام ووقت وقت ويحق تأويل هذه الاية ونريد أن نمن على الذين استضعفوا في الارض ونجعلهم أئمة ونجعلهم الوارثين ونمكن لهم في الارض ونرى فرعون وهامان وجنودهما منهم ما كانوا يحذرون قال المفضل يا سيدي ومن فرعون ومن هامان قال عليه السلام أبو بكر وعمر قال المفضل يا سيدي ورسول الله وامير المؤمنين صلوات الله عليهما يكونان معه فقال لابد ان يطأ الارض أي والله حتى ما وراء الخاف أي والله وما في الظلمات وما في قعر البحار حتى لا يبقى موضع قدم الا وطئاه واقاما فيه الدين الواجب لله تعالى ثم لكأني أنظر يا مفضل الينا معاشر الائمة بين يدي

لم لم يقل النبي صلى الله عليه وآله وسلم هذا عنهما مع انه مؤيد بالوحي ؟؟

علی الجزائری

اپنی کتاب ”الزام الناصب فی اثبات حجۃ الغائب“ میں ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کو فرعون اور ہامان قرار دیتے ہوئے ایک خبر نقل کرتا ہے:

”مفضل نے کہا: اے میرے سردار ﴿وَ نُرِيَ فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ وَ جُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ﴾ (القصص:٦) فرعون اور ہامان کون ہیں؟ تو جواب دیتے ہوئے علی علیہ السلام نے فرمایا: وہ ابوبکر اور عمر ہیں۔“

صاحب کتاب کہتا ہے:

”یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے متعلق کیوں نہیں فرمائی؟ حالانکہ آپ پر تو وحی کی جاتی تھی۔“

المصباح للكفعمي — دار الكتب العلمية النجف الأشرف — الطبعة الثانية ١٣٤٩ هـ

٥٥٢

وَالآخِرَةِ حَتّى لا يَظفَرَ بِشَيْءٍ مِنَ الباطِلِ إلّا مَزَّقَهُ وَيُحِقَّ الحَقَّ وَ
يُحَقِّقَهُ اللّهُمَّ وَاجْعَلهُ مَفْزَعاً لِلْمَظْلُومِ مِنْ عِبادِكَ وَناصِراً لِمَنْ لا يَجِدُ
لَهُ ناصِراً غَيْرَكَ وَمُجَدِّداً لِما عُطِّلَ مِنْ أَحْكامِ كِتابِكَ وَمُشَيِّداً لِما وَرَدَ مِنْ
أَعْلامِ دِينِكَ وَسُنَنِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَاجْعَلهُ اللّهُمَّ مِمَّنْ
حَصَّنْتَهُ مِنْ بَأْسِ المُعْتَدِينَ اللّهُمَّ وَسُرَّ نَبِيَّكَ مُحَمَّداً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ
بِرُؤْيَتِهِ وَمَنْ تَبِعَهُ عَلى دَعْوَتِهِ وَارْحَمِ اسْتِكانَتَنا مِنْ بَعْدِهِ اللّهُمَّ اكْشِفْ
هذِهِ الغُمَّةَ عَنْ هذِهِ الأُمَّةِ بِحُضُورِهِ وَعَجِّلِ اللّهُمَّ ظُهُورَهُ إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيداً
وَنَراهُ قَرِيباً بِرَحْمَتِكَ يا أَرْحَمَ الرّاحِمِينَ ثُمَّ تَضْرِبُ عَلى فَخِذِكَ الأَيْمَنِ ثَلاثاً وَ
تَقُولُ يا مَوْلايَ يا صاحِبَ الزَّمانِ ثُمَّ ادْعُ بِهذا الدُّعاءِ المَرْوِيِّ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلامُ
اللّهُمَّ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَالْعَنْ صَنَمَيْ قُرَيْشٍ وَجِبْتَيْهِما وَطاغُوتَيْهِما وَ
إِفْكَيْهِما وَابْنَتَيْهِما اللَّذَيْنِ خالَفا أَمْرَكَ وَأَنْكَرا وَحْيَكَ وَجَحَدا إِنْعامَكَ وَعَصَيا
رَسُولَكَ وَقَلَبا دِينَكَ وَحَرَّفا كِتابَكَ وَأَحَبّا أَعْداءَكَ وَجَحَدا آلاءَكَ
وَعَطَّلا أَحْكامَكَ وَأَبْطَلا فَرائِضَكَ وَأَلْحَدا فِي آياتِكَ وَعادَيا أَوْلِياءَكَ وَ
والَيا أَعْداءَكَ وَخَرَّبا بِلادَكَ وَأَفْسَدا عِبادَكَ اللّهُمَّ الْعَنْهُما وَأَتْباعَهُما
وَأَوْلِياءَهُما وَأَشْياعَهُما وَمُحِبِّيهِما فَقَدْ أَخْرَبا بَيْتَ النُّبُوَّةِ وَرَدَما بابَهُ وَ
نَقَضا سَقْفَهُ وَأَلْحَقا سَماءَهُ بِأَرْضِهِ وَعالِيَهُ بِسافِلِهِ وَظاهِرَهُ بِباطِنِهِ وَ
اسْتَأْصَلا أَهْلَهُ وَأَبادا أَنْصارَهُ وَقَتَلا أَطْفالَهُ وَأَخْلَيا مِنْبَرَهُ مِنْ وَصِيِّهِ
وَوارِثِ عِلْمِهِ وَجَحَدا إِمامَتَهُ وَأَشْرَكا بِرَبِّهِما فَعَظِّمْ ذَنْبَهُما وَخَلِّدْهُما فِي
سَقَرَ وَما أَدْراكَ ما سَقَرُ لا تُبْقِي وَلا تَذَرُ اللّهُمَّ الْعَنْهُمْ بِعَدَدِ كُلِّ مُنْكَرٍ أَتَوْهُ

کفعمی

اپنی کتاب "المصباح" میں

ایک دعا ذکر کرتا ہے، جس کا نام "دعا صنمی قریش" ہے۔

جس کا ترجمہ درج ذیل ہے:

"اے اللہ! محمد اور آل محمد پر رحمت و درود بھیج اور قریش کے دو بتوں اور دو طاغوتوں ان کی، بیٹوں اور بیٹیوں پر لعنت کر جنھوں نے تیرے حکم کی نافرمانی کی، تیری وحی اور تیرے انعام کا انکار کیا، تیرے رسول کی نافرمانی کی اور دونوں نے تیرے دین کو بولا، تیری کتاب میں تحریف کی اور تیرے دشمنوں سے محبت کی......الخ۔"

پھر اسی طرح بد دعا لمبی چوڑی ذکر کی ہے۔

صاحب کتاب کہتا ہے:

"شیعہ کے ہاں یہ دُعا" صنمی قریش" کے نام سے مشہور ہے اور قریش کے دو بتوں سے مراد ان کی ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ہیں اور اس دعا کو شیعہ کے کبار علماء نے معتمد قرار دیا ہے جن میں خمینی اور تحفہ عوام مقبول ہیں۔خوئی نے جسے المصباح سے نقل کیا ہے اور یہ دعا ان کے عوام اور خواص کے ہاں مقبول دعاؤں میں سے ہیں۔"

ثبت في المستفيض من الطرفين : إن من مات ولم يعرف إمام زمانه مات ميتة جاهلية .

ويجب اعتقاد ان فاطمة ﷺ مطهرة معصومة من الذنوب والمعاصي ، وان الله أمر بطاعتها ومحبتها ، فيجب تعظيمها لوجوه :

منها قوله ﷺ : فاطمة بضعة مني ، من آذاها فقد آذاني ، وفي حديث آخر من طريقهم كالمتواتر : فاطمة بضعة مني يؤذيني ما آذاها .

وهذه الاخبار واضرابها مما توجب لها العصمة ، فهي داخلة في آية التطهير ، كما استفاضت به الروايات من طرقهم ، ولقد أظهر الله لها كرامات ومعاجز ، لو جاز لها دعوى النبوة والإمامة ، لثبت لها ذلك الشأن ، فهي اصل الائمة ﷺ ، وكلهم في ذريتها ما عدا بعلها ، فهي افضل نساء العالمين من الاولين والآخرين ، ولقد نقل السيوطي في انموذج اللبيب : ان فاطمة عليها السلام ، وأخاها إبراهيم افضل من الخلفاء الاربعة ، فكلامه حق بالنسبة لغير علي ﷺ ، فكيف يرتضون ويعتذرون عن أولئك الخلفاء بما صنعوا بها من تلك الارزاء ، وينفون عصمتها ، بل نسبوا إليها مالا يجوز نسبته لسائر النساء .

ويجب اعتقاد ان المحارب لعلي ﷺ وللائمة كافر لقول النبي ﷺ فيما اشتهر بين الفريقين : ياعليّ حربك حربي ، وسلمك سلمي ، وحرب عليّ كحرب رسول الله ﷺ بتنصيص هذه الاخبار ، وحرب النبي كفر بالاجماع ، فيكون حرب عليّ كذلك ، وإلا لم تصح هذه القضية الحملية ، ولا حمل هذه المواطاة بالكلية ، فبهذا نعتقد ونقطع بأن معاوية وطلحة والزبير [illegible] وأهل النهروان وغيرهم ممن حاربوا علياً والحسن والحسين ﷺ كفار بالتاويل ، وإن كان بما نطق به القرآن ومتواتر الاخبار ، فلا تغير بما أبداه بعض المشبهة من علماء الفريقين ، حيث اثبتوا لهم البقاء على الإسلام ، ركوناً إلى اخبار تضمنت الكف عنهم ، وعن أموالهم ، وعن ذراريهم بعد الهزيمة والإسلام ، وليس ذلك بنافع ؛ لان الكف عنهم إنما هو للمنة عليهم من رسول الله ﷺ ، على اهل مكة مع كونهم كفاراً بالإجماع ، ولعلمه بخروج

يلمزون بالمرأة عائشة أم المؤمنين رضي الله عنها
فهذا معتقدهم في زوج النبي صلى الله عليه وآله وسلم !!

حسین آل عصفور البحرانی

اپنی کتاب "محاسن الاعتقاد فی اصول الدین" میں

صحابہ کے متعلق کہتا ہے:

''واجب ہے کہ ہم یہ اعتقاد رکھیں کہ علی علیہ السلام اور ائمہ سے لڑائی کرنے والا کافر ہے کیوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمان ہے:

''اے علی! جس نے تجھ سے لڑائی کی اس نے مجھ سے لڑائی کی اور جس نے تجھے سلامتی سے رکھا اس نے مجھے سلامتی سے رکھا۔''

ان اخبار سے معلوم ہوا کہ علی سے لڑائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑائی کرنے کی طرح ہے، اور نبی سے جنگ کرنے والا بالا جماع کافر ہے۔ لہٰذا علی سے جنگ کرنا بھی ایسے ہی ہے ورنہ یہ قضیہ درست نہ ہوگا۔ چناں چہ ہم قطعی طور پر اعتقاد رکھتے ہیں کہ معاویہ، طلحہ، زبیر، عورت (عائشہ رضی اللہ عنہا) اور اہل بزوان وغیرہم جنھوں نے علی حسن و حسین علیہ السلام سے جنگ کی یہ سب کفار بالتاویل ہیں۔''

صاحب کتاب کہتا ہے:

''عورت سے مراد انھوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا لیا ہے، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے بارے میں ان کا یہ عقیدہ ہے!''

لؤلؤة البحرين للشيخ يوسف البحراني — منشورات مكتبة العلوم العامة البحرين

لانه نائب الامام عليه السلام ، فكان الشيخ يكتب الى جميع البلدان كتبا بدستور العمل في الخراج وما ينبغي تدبيره في أمور الرعية حتى أنه غير القبلة في كثير من بلاد العجم باعتبار مخالفتها لما يعلم من كتب الهيئة ، وقد تقدم في ترجمة الشيخ حسين بن عبد الصمد والد شيخنا البهائي رحمهما الله ما يشير الى ذلك ، قال مولانا السيد نعمة الله الجزائري في صدر كتابه شرح عوالي اللئالي : « وأيضا الشيخ علي بن عبد العالي عطر الله مرقده لما قدم اصفهان وقزوين في عصر السلطان العادل الشاه طهماسب أنار الله برهانه مكنه من الملك والسلطان وقال له أنت أحق بالملك لانك النائب عن الامام عليه السلام وانما أكون من عمالك اقوم باوامرك ونواهيك ، ورأيت للشيخ أحكاما ورسائل الى الممالك الشاهية الى عمالها أهل الاختيار فيها تتضمن قوانين العدل وكيفية سلوك العمال مع الرعية في أخذ الخراج وكميته ومقدار مدته ، والامر لهم باخراج العلماء من المخالفين لئلا يضلوا الموافقين لهم والمخالفين ، وأمر بأن يقرر في كل بلد وقرية اماما يصلي بالناس ويعلمهم شرائع الدين ، والشاه — تغمده الله برضوانه — يكتب الى أولئك العمال بأمتثال أوامر الشيخ وأنه الاصل في تلك الاوامر والنواهي ، وكان — رحمه الله — لايركب ولا يمضي الا والسباب يمشي في ركابه مجاهرا بلعن الشيخين ومن على طريقتهما (انتهى كلامه زيد مقامه) .

(أقول) — ان ما نقله عن الشيخ المزبور من ترك التقية والمجاهرة بسب الشيخين خلاف ما استفاضت به الاخبار عن الائمة الاخيار الابرار عليهم السلام ، وهي غفلة من شيخنا المشار اليه ان ثبت النقل المذكور ، وقد نقل السيد المذكور ان علماء الشيعة الذين في مكة المشرفة كتبوا الى علماء اصفهان من أهل المحارب والمنابر : انكم تسبون أئمتهم في اصفهان ونحن في الحرمين نعذب بذلك اللعن والسب (انتهى) وهو كذلك .

هذا من أطلق عليه الشيعة لقب (المحقق الثاني) ، لعن الشيخين كانت سجيته وعادته ، فألف كتابه (نفحات اللاهوت في لعن الجبت والطاغوت)

شیخ یوسف البحرانی

اپنی کتاب "لؤلؤۃ البحرین" میں

شیخ علی بن عبدالعالی کے متعلق بیان کرتے ہوئے کہتا ہے:

"آپ رحمہ اللہ جب بھی کسی سواری پر سوار ہوتے اور کہیں جاتے تو رکاب میں پاؤں رکھتے وقت اونچی آواز سے شیخین (ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما) پر اور ہر اس شخص پر لعنت بھیجتے جو ان کے طریقے پر ہے۔

صاحب کتاب کہتا ہے:

